## 9126 ـ بیوہ سے شادی کرے یا کنواری لڑکی سے

**سوال**

میں ایك بیوہ كو جانتا ہوں اور اس كے بچے بھی ہیں، میں شادی كرنا چاہتا ہوں اور متردد ہوں كہ آیا اس بیوہ سے شادی كروں یا كنواری لڑكی سے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

یہ خاوند كی حالت پر منحصر ہے، بعض اوقات خاوند كی حالت كے مطابق بیوہ عورت سے شادی كرنا مناسب ہوتا ہے اور یہ افضل ہو گا.

ہو سكتا ہے بیوہ عورت دین و اخلاق والی عورت ہو اور اس جیسا اخلاق و دین كسی دوسری عورت میں نہیں، اور كنواری لڑكیوں میں اس طرح كا دین و اخلاق نہیں پائیگا.

لیكن عمومی طور پر نبی كریم صلی اللہ علیہ وسلم نے كنواری لڑكی سے شادی كرنے كی ترغیب دلائی ہے.

جب جابر رضی اللہ تعالی عنہ كے والد فوت ہو گئے اور اپنے پیچھے انہوں نے جابر كی بہنیں چھوڑیں تو ان كی حالت كے مناسب یہی تھا كہ وہ كسی كنواری لڑكی سے شادی نہ كریں جو ان كی بہنوں جتنی عمر كی ہو، تو جابر رضی اللہ تعالی عنہ نے كسی بڑی عمر كی شادی شدہ عورت سے شادی كرنے كی رغبت كی جو ان كی بہنوں كی دیكھ بھال كرے اور خیال ركھے تو نبی كریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان كی موافقت كی.

جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالی عنہما بیان كرتے ہیں كہ نبی كریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا:

كیا تم نے شادی كر لی ہے ؟

تو میں نے عرض كي: جی ہاں.

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: كنواری یا كہ شادی شدہ ؟

میں نے عرض كیا: بلكہ پہلے سے شادی شدہ عورت سے شادی كی ہے.

تو رسول كریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے كسی كنواری لڑكی سے شادی كیوں نہ كی جو تمہیں كھلاتی اور تم

اسے کھلاتے ؟

میں نے عرض کیا: میری بہنیں تھیں تو میں نے پسند کیا کہ کسی ایسی عورت سے شادی کروں جو ان کی کنگھی کیا کرے اور ان کی دیکھ بھال کرے اور خیال رکھے.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جانے والے ہو جب پہنچو تو بچے کی رغبت رکھو "

صحیح بخاری حدیث نمبر ( 1991 ) صحیح مسلم حدیث نمبر ( 715 ).

اور بخاری کی روایت میں ہے:

" انہیں تعلیم دے اور ان کی تربیت کرے اور ادب سکھائے "

صحیح بخاری حدیث نمبر ( 2257 ).

اور ایك روایت میں ہے:

جابر رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں:

" جب رسول کریم صلی اللہ علیہ نے مجھ سے دریافت کیا کہ آیا تم نے کنواری سے شادی کی یا شادی شدہ عورت سے ؟ تو میں نے عرض کیا: شادی شدہ سے تو آپ نے مجھے فرمایا:

تم نے کنواری لڑکی سے شادی کیوں نہ کی وہ تجھے کھلاتی اور تم اسے کھلاتے.

میں نے عرض کیا: اے اللہ تعال کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم میرے والد فوت ہو گئے، یا عرض کیا وہ شہید ہو گئے تو میری چھوٹی چھوٹی بہنیں تھیں، اس لیے میں نے ان جیسی ہم عمر لڑکی سے شادی کرنا مناسب نہ سمجھا کیونکہ نہ تو وہ ان کو ادب سکھائیگی اور نہ ہی تربیت کریگا اور نہ ان کا خیال رکھےگی اور دیکھ بھال کر سکے گی اس لیے میں نے شادی شدہ عورت سے شادی کی تا کہ وہ ان کا خیال رکھے اور انہیں ادب سکھائے اور ان کی دیکھ بھال کرے "

صحیح بخاری حدیث نمبر ( 2805 ) صحیح مسلم حدیث نمبر ( 715 ).

جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ میرے والد فوت ہوئے اور انہوں نے سات یا نو بیٹیاں چھوڑیں تو میں نے ایك شادی شدہ عورت سے شادی کر لی، چنانچہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا:

اے جابر تم نے شادی کر لی ؟ تو میں نے عرض کیا: جی ہاں یا رسول صلی اللہ علیہ وسلم، تو آپ نے فرمایا: کنواری سے یا کہ شادی شدہ سے ؟

میں نے عرض کیا: بلکہ شادی شدہ عورت سے تو آپ نے فرمایا: تم نے کنواری لڑکی سے شادی کیوں نہ کی تم اس سے کھیلتے اور وہ تم سے کھیلتی، تم اسے ہنساتے اور وہ تم کو ہنساتی ؟

تو میں نے عرض کیا: عبد اللہ فوت ہوئے اور بیٹیاں چھوڑ گئے اور میں نے ناپسند کیا کہ ان جیسی ہم لڑکی لاؤں اس لیے میں نے ایك عورت سے شادی کی جو ان کی دیکھ بھال کرے اور خیال رکھے، تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ آپ کو برکت سے نوازے یا فرمایا: آپ کو خیر و بھلائی سے نوازے "

صحیح بخاری حدیث نمبر ( 5052 ).

شیخ مصطفی الرحیبانی کہتے ہیں:

اور جو نکاح کرنا چاہے ( اس کے لیے کنواری لڑکی سے نکاح کرنا مسنون ہے ) کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جابر رضی اللہ تعالی عنہ کو فرمایا تھا:

" تم نے کنواری لڑکی سے شادی کیوں نہیں کی تم اس سے کھیلتے اور وہ تم سے کھیلتی " متفق علیہ.

( لیکن یہ کہ اگر شادی شدہ عورت سے نکاح کرنے میں کوئی راجح مصلحت ہو ) تو مصلحت کا خیال کرتے ہوئے اسے کنواری پر مقدم کیا جائیگا "

دیکھیں: مطالب اولی النھی ( 5 / 9 ـ 10 ).

واللہ اعلم .